صلوات و سلام پڑھو ہر دم خورشید سپہر رسالت پر
یعنی کہ جناب مصطفوی و شافع روز قیامت پر

بعد اسکے درود پڑھو پیہم بجناب علی وہ میر امم
اتمام نعم کے ساتھ یہ دیں جس شہ سے ہوا ہے کمالت پر

پھر خدمت فاطمہ زہرا میں تسلیم ادب سے عرض کرو
تھے اہل شقاوت بعد نبی عازم سب اُن کی عداوت پر

حسنین کی خدمت میں تحفہ صلوات و سلام کا پہنچا کے
لعنت کے سہام کرو نافذ اے مؤمنو اہل شقاوت پر

پھر نسل حسین سے جتنے امام ہوئے ہیں امام العصر تلک
صلوات پڑھو باصدق و صفا ہر نیر برج امامت پر

شہ برہان ہدی کی طول بقا کی کر کے دعا سب عرض کریں
ہو خاتمہ اہل ولا کا اے رب شہ برہان ہدی کی اطاعت پر

دو جگ کی سعادت ہے حاصل طاعت میں امام اور داعی کی

عمدہ نہ رکھے کوئی عبد علی اعمال اور اپنی ریاضت پر